ایمانیات، عبادات، سیرت، اذکار، دُعاؤں، سُنّتوں اور آداب پر مشتمل

اسلامیات

برائے کے جی

پبلشر

دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس

چوتھی اشاعت ۲۰۲۰

ISBN : 978-969-631-471-4

تیاری و پیش کش

شعبۂ اسلامیات

دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس

ای میل: curriculum@darulmadinah.net

تصدیق کی جاتی ہے کہ کتاب ' اسلامیا " کے جی کلاس کے لیے مطبوعہ دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس پر شعبۂ تفتیش و شریعہ (دارالمدینہ) کی جانب سے نظر ثانی کی گئی ہے۔ اس کتاب کو عقائد، کفریہ عبارات، اخلاقیات اور فقہی مسائل وغیرہ کے حوالے سے مقدور بھر ملاحظہ کر لیا گیا ہے، البتہ کمپوزنگ یا کتابت کی غلطیوں کا ذمہ شعبۂ تفتیش و شریعہ پر نہیں۔

شعبۂ تفتیش و شریعہ (دارالمدینہ)

تاریخ: ۱۰ دسمبر ۲۰۱۴

مزید معلومات اور آن لائن کتب کی خریداری کے لیے ہماری ویب سائٹ وزٹ کیجیے۔

www.dmiup.com

نام ____________________

ولدیت ____________________

کلاس ____________ جی۔آرنمبر ____________

اسکول کانام ____________________

پیش لفظ

دینِ اسلام نے امتِ مسلمہ کے ہر فرد پر چاہے وہ مرد ہو یا عورت تحصیلِ علمِ دین کو فرض قرار دیا ہے لہٰذا ہر مسلمان کے لیے عبادات واخلاقیات اور اپنی ضرورت کے مسائل سے آگاہ ہونا اور ان پر عمل کرنا بے حد ضروری ہے۔ ایک اچھے مسلمان کو چاہیے کہ وہ اپنی زندگی کو اسلامی اصولوں کے مطابق سنوار کر اپنی ذمہ داریوں کو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لیے احسن طریقے سے سرانجام دینے کی کوشش کرے۔ اچھائی کے فروغ اور بُرائی کے سدِ باب کے لیے اپنا دینی واخلاقی فریضہ ادا کرے۔

طلباء مستقبل کے معمار ہوتے ہیں جو ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔ انھیں باعمل مسلمان بنانے کے لئے ان کی زندگی میں اسلامی تعلیمات کا نفاذ بے حد ضروری ہے۔ اسلامیات کی یہ سیریز پری نرسری سے کے جی تک کے تین حصّوں پر مشتمل ہے۔ جس کا مقصد طلبہ میں دینی شعور اجاگر کرنا ہے۔ ان کتب میں طلبہ کی ذہنی استعداد کے مطابق ایمانیات، عبادات، نماز کے اذکار، دُعائیں، اخلاقیات، سنتیں اور آداب کے ساتھ ساتھ سیرتِ مُصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کو شامل کیا گیا ہے۔ مختصر اور آسان سوال وجواب نیز سبق کے مطابق عملی سرگرمیاں دلچسپی کو بڑھانے اور بُنیادی باتیں پڑھ کر یاد رکھنے میں مددگار ثابت ہوں گی۔ تعلیمی مقاصد کے حصول کے لیے نصابی کتب کو تدریسی ضروریات واُصولوں کے مطابق معلوم سے نامعلوم اور آسان سے مشکل کے تحت مدون کیا گیا ہے۔

ہم اُمید کرتے ہیں کہ اِنْ شَآءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ پری پرائمری کے بچّوں کی اسلامی تربیت اور ذہن سازی کے لیے یہ سیریز مفید ثابت ہوگی۔ عُلمائے کرام اور ماہرینِ تعلیم سے گزارش ہے کہ اپنے مفید مشوروں سے ضرور نوازیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ سے دُعا ہے کہ اپنے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے طفیل ہماری اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔

آمِین بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

شعبۂ اسلامیات

دارُالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس

والدین کے لیے چند ہدایات

1. اسلامی معاشرے کا بہترین فرد بنانے نیز بحیثیت والدین اپنی ذمہ داری احسن انداز میں نبھانے کے لیے اولاد کی بہترین تربیت بہت ضروری ہے۔ ابتدا ہی سے اللہ عزوجل اور اس کے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی محبت پیدا کرنے کے لیے اپنے گھر کو تلاوت و نعت وغیرہ کی برکتوں سے مالا مال رکھیے۔

2. نماز کا عادی بنانے کی نیت سے بچوں کو شروع سے ہی نماز پڑھنے کا ذہن دیجیے اور سات سال کی عمر سے خصوصی تاکید کے ساتھ باقاعدہ نماز پڑھوائیے۔

3. سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی سنتیں سیکھیے اور اپنی اولاد کو بھی سکھائیے۔

4. والدین، اساتذہ کرام اور بزرگوں کا ادب و احترام سکھانے کی نیت سے بزرگانِ دین رَحِمَہُمُ اللّٰہُ الْمُبِیْن کے واقعات سنائیے۔

5. اسلامی تعلیمات کے مطابق ذہن سازی کے لیے اچھے اخلاق، صبر و شکر، حُسنِ سلوک اور قرآن و سُنّت کے عامل بن کر اپنی اولاد کے سامنے عملی نمونہ پیش کیجیے۔

6. جھوٹ، غیبت، چغلی، لڑائی جھگڑا، گالی گلوچ، بدنگاہی اور دیگر گناہوں سے بچنے کا ذہن دیتے رہیے۔

7. جسمانی نشوونما اور صحت کی درستی کے لیے اپنی حیثیت کے مطابق حلال کمائی سے اچھی اور متوازن غذا بالخصوص دُودھ اور پھل وغیرہ کی ترکیب بنائیے۔

8. اپنے بچے کی تعلیمی کیفیت سے آگاہ رہنے کے لیے روزانہ ہوم ورک ڈائری چیک کیجیے اور وقتاً فوقتاً اساتذہ کرام اور انتظامیہ کے ساتھ ہونے والی ملاقاتوں (پیرنٹس ٹیچرز/پیرنٹس منیجمنٹ) میں شرکت فرمائیے۔

9. غلطیوں کی اصلاح کے لیے بے جا مار پیٹ کے بجائے محبت نرمی اور حکمت کے ساتھ سمجھائیے۔

10. اپنی اولاد کو ہر وقت اپنی نیک دُعاؤں مثلاً علم و عمل میں برکت اور درازی عمر بالخیر وغیرہ سے نوازتے رہیے۔

فہرست مضامین

اللہ عَزَّوَجَلَّ

تدریسی مقاصد

اس سبق کے ذریعے بچّے جان سکیں گے کہ :

(۱)۔ ہمارا دین اسلام ہے۔

(۲)۔ ہمارا مالک اور ہمیں روزی دینے والا اللہ عَزَّوَجَلَّ ہی ہے۔

سوال ہمارا دین کیا ہے؟

جواب ہمارا دین اسلام ہے۔

سوال ہم سب کا مالک کون ہے؟

جواب ہم سب کا مالک اللہ عَزَّوَجَلَّ ہے۔

سوال ہم سب کو روزی کون دیتا ہے؟

جواب ہم سب کو اللہ عَزَّوَجَلَّ روزی دیتا ہے۔

سوال کیا اللہ عَزَّوَجَلَّ ایک ہے؟

جواب جی ہاں! اللہ عَزَّوَجَلَّ ایک ہے۔

رہنمائے معلمات

۱ ۔ بچّوں کو سوال و جواب یاد کروا دیجیے۔

۲ ۔ وقتاً فوقتاً سوالات کے جوابات سُنتے رہیے تاکہ ذہن نشین ہو جائیں اور پوچھنے پر فوراً بتا سکیں کہ ہمارا رب اللہ عَزَّوَجَلَّ ہے، ہمارا دین اسلام ہے، ہمارا مالک اور ہمیں روزی دینے والا اللہ عَزَّوَجَلَّ ہی ہے۔

۳ ۔ سافٹ بورڈ پر "اللہ عَزَّوَجَلَّ ایک ہے" خوشخط لکھ کر لگائیے۔

انبیاء عَلَیْہِمُ السَّلَام

تدریسی مقاصد

اس سبق کے ذریعے بچّے جان سکیں گے کہ :

(۱)۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے بہت سارے نبی بھیجے ہیں۔

(۲)۔ ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سب نبیوں کے سردار ہیں۔

سوال اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے دُنیا میں کتنے انبیاء عَلَیْہِمُ السَّلَام بھیجے؟

جواب اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے دُنیا میں بہت سارے انبیاء عَلَیْہِمُ السَّلَام بھیجے۔ اصل تعداد اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہی جانتا ہے۔

سوال نبیوں عَلَیْہِمُ السَّلَام کے سردار کون ہیں؟

جواب ہمارے پیارے نبی حضرت سیدنا محمد صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سب نبیوں کے سردار ہیں۔

سوال قرآن مجید کن پر نازل ہوا؟

جواب قرآن مجید ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر نازل ہوا۔

رہنمائے معلمات

۱ ۔ بچّوں کو سوال، جواب یاد کروا دیجیے۔

۲ ۔ وقتاً فوقتاً سوالات کے جوابات سُنتے رہیے تاکہ ذہن نشین ہو جائیں اور پوچھنے پر فوراً بتا سکیں کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے بہت سارے نبی بھیجے اور ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سب نبیوں کے سردار ہیں۔

۳ ۔ بچّوں کو بتائیے کہ ہمارے نبی حضرت سیدنا محمد صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے آخری نبی ہیں۔

ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

تدریسی مقاصد

اس سبق کے ذریعے بچّے:

(۱)۔ پیارے نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے یومِ ولادت اور جشنِ عید میلادُ النبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے متعلق جان سکیں گے۔

(۲)۔ آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے مزارِ پُرانوار اور مسجد نبوی عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے متعلق جان سکیں گے۔

سوال ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کب پیدا ہوئے؟

جواب ہمارے پیارے نبی حضرت سیدنا محمد صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ربیع الاوّل کی بارہ تاریخ کو پیدا ہوئے۔

سوال بارہ ربیع الاوّل کو مسلمان کون سا دن مناتے ہیں؟

جواب بارہ ربیع الاوّل کو پوری دُنیا کے مسلمان پیارے نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا یومِ ولادت مناتے ہیں اور اسے عید میلادُ النبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم بھی کہا جاتا ہے۔

سوال ہمارے نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا روضۂ انور کہاں ہے؟

جواب ہمارے نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا روضۂ انور مسجد نبوی میں ہے۔

سوال مسجد نبوی سب سے پہلے کس نے بنوائی؟

جواب مسجد نبوی سب سے پہلے ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے بنوائی۔

مشق

خالی جگہیں پُر کیجیے۔

۱۔ ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ ربیع الاوّل کی ______ تاریخ کو پیدا ہوئے۔

۲۔ پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے یومِ ولادت کو ______ بھی کہا جاتا ہے۔

۳۔ ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کا روضۂ انور ______ میں ہے۔

۴۔ مسجد نبوی سب سے پہلے ______ نے بنوائی۔

رہنمائے معلمات

۱ - بچّوں کو سوال، جواب یاد کروا دیجیے۔

۲ - وقتاً فوقتاً سوالات کے جوابات سُنتے رہیے تاکہ ذہن نشین ہوجائیں اور پوچھنے پر فوراً بتا سکیں۔

۳ - بچّوں کو ان کی ذہنی استعداد کے اعتبار سے آسان الفاظ میں جشن عید میلاد النبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ روضۂ انور اور مسجد نبوی کے متعلق مختصراً سمجھا بھی دیجیے۔

۴ - کلاس میں نعت خوانی کا مقابلہ کروائیے اور عملی طور پر میلاد منانے کا طریقہ بتائیے۔

۵ - بچّوں سے میلاد منانے والے دن جھنڈے منگوائیے۔

نماز کے اذکار

اس سبق کے ذریعے بچّے ثناء، سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص اور دُعائے ماثورہ یاد کر سکیں گے۔

ثناء

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ
وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ط

سورۂ فاتحہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۱﴾ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ﴿۲﴾
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ﴿۳﴾ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ﴿۴﴾
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ﴿۵﴾ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۬﴿۶﴾
غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ﴿۷﴾ ع

سورۂ اخلاص

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ ﴿١﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ ﴿٢﴾
لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ ﴿٣﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿٤﴾

دُعائے ماثورہ

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِى الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً
وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ؕ

رہنمائے معلمات

١ ۔ نماز کے اذکار یعنی ثناء، سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص اور دُعائے ماثورہ تلفظ کے ساتھ اچھی طرح یاد کروایئے۔
٢ ۔ نماز کے اذکار بار بار سنیے۔

اس سبق کے ذریعے بچّے وُضو کا مختصر طریقہ جان سکیں گے۔

وضو کا مختصر طریقہ

۱

۲

پھر کُلّی کیجیے

۳

ناک میں پانی چڑھائیے

۴

۵

دونوں ہاتھ کہنیوں سمیت دھوئیے

۶

چوتھائی سر کا مسح کیجیے

۷

دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھوئیے

رہنمائے معلمات

۱۔ نماز اور قرآن پڑھنے سے پہلے وُضو کرنے کی تاکید کیجیے نیز وُضو کا طریقہ آسان انداز میں سکھاتے ہوئے مذکورہ تمام چیزیں بتاتے ہوئے عملی مشق کروایئے تاکہ طلبہ کو درست وضو کرنا آجائے۔

۲۔ وضو کی عملی مشق وقتاً فوقتاً کرواتے رہیے۔

اذکار

تدریسی مقاصد

اس سبق کے ذریعے بچّے:

(۱)۔ دوسرے کلمے کا ترجمہ اور تیسرا کلمہ یاد کرسکیں گے۔

(۲)۔ دُرود پاک یاد کرسکیں گے۔

دوسرا کلمہ شہادت

اَشۡهَدُ اَنۡ لَّاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحۡدَهٗ لَا شَرِيۡكَ لَهٗ وَاَشۡهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبۡدُهٗ وَرَسُوۡلُهٗ ؕ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک **محمد** صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اس کے خاص بندے اور رسول ہیں۔

تیسرا کلمہ تمجید

سُبۡحَانَ اللّٰهِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ وَلَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكۡبَرُ ؕ وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الۡعَلِيِّ الۡعَظِيۡمِ ؕ

دُرود پاک

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيۡكَ يَا رَسُوۡلَ اللّٰهِ
وَعَلٰى اٰلِكَ وَاَصۡحَابِكَ يَا حَبِيۡبَ اللّٰهِ

رہنمائے معلمات

۱ ۔ بچّوں کو مذکورہ اذکار اچھی طرح یاد کروانے کے ساتھ ساتھ دوسرے کلمے اور اس کے ترجمے کی دہرائی کروائیے۔

۲ ۔ تلفظ کی درست ادائیگی کے ساتھ تمام اذکار یاد کروائیے۔

۳ ۔ مذکورہ تمام اذکار بار بار سنتے رہیے۔

دُعائیں

تدریسی مقصد: اس سبق کے ذریعے بچّے مختلف دُعائیں یاد کر سکیں گے۔

مصافحہ کرتے وقت کی دُعا

يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ ؕ

سونے کی دُعا

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيٰى ؕ

چھینک کے جواب کی دُعا

يَرْحَمُكَ اللّٰهُ ؕ

دودھ پینے کی دُعا

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ ؕ

رہنمائے معلمات

۱ - بچّوں کو مذکورہ دُعائیں یاد کروایئے اور بار بار سُنیئے تاکہ اچھے انداز سے پڑھنا سیکھ جائیں۔

۲ - کمرۂ جماعت میں موقع کی مناسبت سے دُعائیں پڑھوایئے تاکہ یہ دُعائیں ان کی عملی زندگی میں شامل ہوسکیں۔

۳ - سافٹ بورڈ پر مذکورہ دُعائیں خوبصورت انداز میں لکھ کر اعراب چیک کر کے لگایئے۔

۴ - جوابِ چھینک کی دُعا یاد کرواتے وقت چھینک آنے کی دُعا کی دہرائی کروایئے۔

سنتیں اور آداب

اس سبق کے ذریعے بچّے کھانے اور پینے کے آداب سیکھ سکیں گے۔

کھانے کے آداب

- کھانے سے پہلے ہاتھ دھو کر کُلّی کرنی چاہیے۔
- کھانا سنت کے مطابق بیٹھ کر سیدھے ہاتھ سے کھانا چاہیے۔
- کھانے سے پہلے دُعا پڑھنی چاہیے۔
- کھانے کے بعد ہاتھ دھو کر کُلّی کرنی چاہیے۔
- کھانے کے بعد اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ کہنا چاہیے۔
- کھانے کے ہر لقمے پر یَاوَاجِدُ کہنا چاہیے۔

پینے کے آداب

- پانی بیٹھ کر اور بِسمِ اللہ پڑھ کر پینا چاہیے۔
- پانی اُجالے میں دیکھ کر پینا چاہیے۔
- پانی تین سانسوں میں پینا چاہیے۔
- پانی سیدھے ہاتھ سے پینا چاہیے۔
- پانی پینے کے بعد اَلحَمدُ لِلّٰہ کہنا چاہیے۔

رہنمائے معلمات

۱ ۔ بچّوں کو کھانے پینے کے آداب سکھائیے۔
۲ ۔ سافٹ بورڈ پر مذکورہ آداب خوبصورت انداز میں لکھ کر لگائیے۔
۳ ۔ کمرۂ جماعت میں کھانا کھاتے اور پانی پیتے وقت مذکورہ آداب کا عملی نفاذ کروائیے۔

سنتیں اور آداب

اس سبق کے ذریعے بچّے:
(۱)۔ گھر میں آتے جاتے سلام کرنا سیکھ سکیں گے۔
(۲)۔ لباس اور جوتے پہننے کے آداب سیکھ سکیں گے۔

گھر کے آداب

* گھر میں آتے جاتے اَلسَّلامُ عَلَیۡکُمۡ وَرَحۡمَۃُاللہِ وَبَرَکَاتُہٗ کہنا چاہیے۔

لباس کے آداب

* لباس پہنتے وقت پہلے سیدھا بازو پہنیں پھر اُلٹا۔
* لباس اُتار کر تہہ کر کے رکھنا چاہیے۔
* لباس پہن کر اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

جُوتا پہننے کے آداب

* جُوتا پہننے سے پہلے جھاڑ لیجیے۔
* جُوتا پہننے سے پہلے بِسۡمِ اللّٰہ پڑھ لیجیے۔
* جُوتا پہلے سیدھے پاؤں میں پہنیں پھر اُلٹے پاؤں میں۔
* اُتارتے وقت پہلے اُلٹا جُوتا اُتاریں پھر سیدھا۔

رہنمائے معلمات

۱ - بچّوں کو مذکورہ آداب سکھائیے۔
۲ - بچّوں کو سنتوں کا عادی بنانے کے لیے مذکورہ آداب کی عملی مشقیں کروائیے۔
۳ - کلاس میں آتے جاتے سلام کرنے کی عادت بنوائیے نیز گھر میں بھی سلام کرنے اور والدین کے ہاتھ چومنے کا ذہن دیجیے۔

اچھی باتیں

اس سبق کے ذریعے بچّے:

(۱)۔ والدین کا احترام سیکھ سکیں گے۔

(۲)۔ اساتذہ کی فرمانبرداری سیکھ سکیں گے۔

ہمارے امی ابو

ہمارے امی ابو بہت اچھے ہیں۔ ہم سے بہت پیار کرتے ہیں۔ اچھی اچھی چیزیں لا کر دیتے ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ گھر میں آتے جاتے اپنے امی ابو کے ہاتھ چُومیں اور ان کا ادب کریں۔

فرمانبرداری

- ہم کے جی کلاس میں پڑھتے ہیں۔
- ٹیچر ہمیں سبق پڑھاتی ہیں۔
- اچھی اچھی باتیں بتاتی ہیں۔
- ٹیچر کی بات ماننی چاہیے۔
- ان کا ادب کرنا چاہیے۔
- اسکول آتے جاتے ان کو سلام کرنا چاہیے۔

مشق

سوال نمبر ۱:۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے۔

۱ ۔ آپ کہاں پڑھتے ہیں؟

۲ ۔ ٹیچر کیا پڑھاتی ہیں؟

۳ ۔ کیا ٹیچر کی بات ماننی چاہیے؟

۴ ۔ کیا امی ابو کے ہاتھ چُومنے چاہییں؟

سوال نمبر ۲:۔ خالی جگہیں پُر کیجیے۔

۱۔ امی ابو کے ________ چُومیں اور ان کا ادب کریں۔

۲۔ ٹیچر ہمیں ________ پڑھاتی ہیں۔

۳۔ ٹیچر کا ________ کرنا چاہیے۔

۴۔ ہمارے امی ابو بہت ________ ہیں۔

رہنمائے معلمات

۱ ۔ بچّوں کو والدین اور اساتذہ کا احترام سکھائیے۔

۲ ۔ اساتذہ اور والدین کی فرمانبرداری کا ذہن بنائیے نیز والدین کے ہاتھ چُومنا سکھائیے۔

اچھی باتیں

اس سبق کے ذریعے بچّے:

(۱)۔ سچ بولنا سیکھ سکیں گے۔

(۲)۔ شکریہ ادا کرنا سیکھ سکیں گے۔

ہمیشہ سچ بولو

- اللہ عَزَّوَجَلَّ سچی بات پسند فرماتا ہے۔
- سچ بولنے سے جنت ملتی ہے۔
- ہم سب کو ہمیشہ سچ بولنا چاہیے۔

شکریہ ادا کیجیے

- شکریہ ادا کرنا اسلامی طریقہ ہے۔
- اللہ عَزَّوَجَلَّ شکریہ ادا کرنے کو پسند فرماتا ہے۔
- جب کوئی تحفہ دے تو اس کا شکریہ ادا کرنا چاہیے۔
- جب کوئی مدد کرے تو اس کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہیے۔
- شکریہ ادا کرتے وقت جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا کہنا چاہیے۔

مشق

سوال نمبر۱:۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے۔

۱ ۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کون سی بات پسند فرماتا ہے؟

۲ ۔ جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا کس وقت کہنا چاہیے؟

۳ ۔ اگر کوئی تحفہ دے تو ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

۴ ۔ اگر کوئی مدد کرے تو ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

سوال نمبر۲:۔ خالی جگہیں پُر کیجیے۔

۱۔ سچ بولنے سے ________ ملتی ہے۔

۲۔ ہم سب کو ہمیشہ ________ بولنا چاہیے۔

۳۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ شکریہ ادا کرنے کو ________ فرماتا ہے۔

رہنمائے معلمات

۱ ۔ بچّوں کو سچ بولنا اور جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا کہہ کر شکریہ ادا کرنا سکھائیے۔

۲ ۔ وقتاً فوقتاً ان کی ترغیب دلاتے رہیے تاکہ یہ طلبہ بڑے ہو کر معاشرے میں حُسنِ اخلاق کا نمونہ پیش کر سکیں۔

۳ ۔ عملی طور پر مختلف مواقع پر جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا کہتے رہیے تاکہ بچّے آپ سے سیکھ سکیں۔